Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۷	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۶ محرم الحرام ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۳ نومبر ۱۹۱۶ء	جلد ۴۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	[illegible] مقدمات عدالت دیوانی	۱و۲
۲	رخصت صاحب [illegible]	۳
۳	رخصت [illegible] صاحب	؍؍
۴	اخراج [illegible] وکلا	؍؍
۵	رخصت [illegible]	

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۲۳ اکتوبر ۱۹۱۶ء

مشمولہ یادداشت مفتی صاحب دیوانی بشکایت شیخ [illegible] وکیل درجہ دوم بمقدمہ امانت اسد خان مدعی بنام شمس الحق خان مدعا علیہ

اس وکیل کی پہلے چند بار شکایت آچکی ہے اور ایک مرتبہ جرمانہ بھی ہو چکا ہے مگر وہ متنبہ نہیں ہوتا لہذا حسب رپورٹ مفتی صاحب دیوانی

یوسف علی وکیل درجہ دوم تا حکم ثانی عدالت مفتی صاحب دیوانی مین پیروی مقدمات سے ممنوع کیا جاتا ہے اور اُسکو آگاہ کیا جاتا ہے کہ جسقدر مقدمات مفتی صاحب دیوانی کے اجلاس مین اُسکے متعلق ہون اور اُنمین محنتانہ جو اُسنے لیا ہے وہ اپنے مؤکلون کو واپس کرکے اپنی عدم پیروی سے مطلع کردے۔ مفتی صاحب دیوانی اس حکم سے وکیل مذکور کو مطلع کردین۔ نقل حکم بغرض اطلاع بخدمت مفتی صاحب دیوانی مرسل ہو۔ اور مثل بھی واپس ہو۔

صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت یکہفتہ صاحب مجسٹریٹ ضلع ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء سے بغرض شرکت دربار گورنمنٹی منظور کی گئی۔ ایام رخصت مین معمولی کام صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کرینگے۔ سماعت وتصفیہ مقدمات تا واپسی ملتوی رہینگے۔

رخصت

۱۱ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

پندرہ روز کی رخصت رجسٹرار صاحب صدر کی بوجہ علالت منظور ہوئی ایام رخصت مین مفتی صاحب دیوانی رجسٹری صدر کا کام کرینگے۔

اخراج اسما وکلا

۱۲ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

مولوی شریف الدین وکیل درجہ اول اور منشی نور علی خان وکیل درجہ سوم کا نام بوجہ انتقال اور منشی احمد حسین و منشی وزیر الدین وکلا درجہ اول و منشی کلیان راے و محمد تقی خان وکلا درجہ سوم کا نام بباعث نہ کرانے تجدید سند وکالت۔ رجسٹر وکلا سے خارج کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

یکم نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت گیارہ یوم گردہاری لال محرر پاندان خانہ بضرورت گنگا اشنان حسب تصدیق صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص بکارگزاری سید احسان علی منظور ہوئی۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا